# میڈیا کوآرڈینیٹر آفس

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# 2017/09/28

پریس ریلیز

## تینوں فوجوں کو تعلیم دینے والا منفرد خوش قسمت ادارہ بنا جامعہ ملیہ

## فضائیہ اور بحریہ کے بعد اب بری فوج کے جوانوں کی بھی جامعہ سے حصول تعلیم کی تمنا ہوگی پوری

نئی دہلی: جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ملکی فوج کے درمیان آج ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے جس کے مطابق ملکی فوج کے جوان اور افسران اس یونیورسٹی سے اوپن لرننگ کے ذریعہ گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کی تعلیم حاصل کرسکیں گے۔ ملک کے فضائی اور بحری فوج کے ساتھ اس طرح کا ایک معاہدہ پہلے ہی ہو چکا ہے۔

آج انڈین آرمی کے ساتھ بھی اس طرح کے مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوجانے سے جامعہ تینوں فوجوں کو تعلیم دینے والا ملک کا منفرد خوش قسمت ادارہ بن گیا ہے۔

ہندوستان کی تینوں افواج میں جامعہ کا یہ پروگرام بہت مقبول ہے کیونکہ اس وجہ سے کم پڑھے نوجوانوں کو اپنی تعلیم مکمل کرسکنے کا موقع مل سکے گا۔

ہندوستانی فضائیہ اور بحریہ کے 12 ہزار سے زیادہ جوان پہلے ہی ہوئے اس طرح کے مفاہمتی یادداشت کے تحت جامعہ سے تعلیم لے رہے ہیں۔

جامعہ میں آج اس سے مفاہمتی یادداشت پر وزارت دفاع کے ہیڈکوارٹر کے ایجی ٹانٹ لیفٹیننٹ جنرل اشونی کمار اور یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد نے دستخط کئے۔

اس تقریب کے بعد لیفٹیننٹ جنرل اشونی کمار نے کہا، آزادی کی لڑائی کا حصہ رہے جامعہ سے اس طرح کے معاہدہ سے انہیں بہت خوشی اور تفاخر کا احساس ہو رہا ہے۔ قومیت کی بنیاد پر تعلیم دینے والے جامعہ کا ہندوستان کی ترقی میں نمایاں کردار ہے۔

انہوں نے کہا کہ آج اشٹمی کے موقع پر اس مفاہمت کی یادداشت پر دستخط ہونا اور بھی 'شبھ' ہوگیا ہے۔

لیفٹیننٹ جنرل اشونی کمار نے بتایا کہ فوج میں عموماً 16-17 سال کی عمر میں نوجوان بھرتی ہوکر 35-36 سال میں ریٹائر ہوجاتے ہیں۔ ایسے میں جامعہ سینٹر فار ڈسٹنٹس اینڈ اوپن لرننگ کے ذریعے گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کرکے وہ ریٹائرمنٹ کے بعد اپنے لئے کام کے اچھے متبادل پاسکیں گے۔

جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر احمد نے کہا، یہ ہمارا اجتماعی تاثر ہے کہ ہماری فوج کے جوان ملک کی حفاظت کے لئے اپنی ہر چیز نچھاور کرنے کو ہمیشہ تیار رہتے ہیں تو ہمارا بھی فرض ہے کہ ہم جتنا بھی ہوسکے ان کے مستقبل کی ضمانت کے لئے کچھ کریں۔

انہوں نے اسے جامعہ ملیہ کے لئے ایک نادر موقع بتایا کہ اسے تینوں فوجوں کے جوانوں کو تعلیمی سہولیات مہیا کرنے کا موقع ملا ہے۔ انہوں نے کہا، یہ ہمارے لئے خوشی اور فخر کی بات ہے۔

مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے جانے کے موقع پر وزارت دفاع انٹری گریٹیڈ ہیڈکوارٹر کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل گوپال آر اور اضافی ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل سدھا کر جی بھی موجود تھے۔

اس موقع پر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پرو وائس چانسلر شاہد اشرف اور رجسٹرار اے پی صدیقی سمیت تمام محکموں کے ڈین موجود تھے۔ فوج کی طرف سے بھی افسران کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

پروفیسر صائمہ سعید

میڈیا کوآرڈینیٹر